## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سانحہ کراچی یوم عاشورہ کے شہداء کے گھروں پر پہنچ گئے

## سوگوار لواحقین سے رابطہ کمیٹی کی ملاقاتیں، قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے اظہار تعزیت اور امدادی رقوم کی تقسیم

## شہداء کے غم زدہ لواحقین کی جانب سے الطاف حسین کا شکریہ، دکھ اور افسوس کی گھڑی میں الطاف حسین ہمارے ساتھ ہیں

## سندھ حکومت کے اعلان کے باوجود آج کوئی تعزیت کیلئے نہیں آیا سب سے پہلے ایم کیوایم نے امداد پہنچائی

## الطاف حسین کی دادرسی سے ہمارے حوصلے بڑھ گئے لواحقین شدت غم سے رو پڑے

کراچی۔۔۔7/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب، توصیف خانزدہ، سید شعیب احمد بخاری، شاہد لطیف اور سلیم تاجک نے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں کے ہمراہ سانحہ کراچی یومِ عاشورہ میں بم دھماکے کے شہداء کی رہائشگاہوں پر پہنچ گئے اور سوگوار لواحقین سے ملاقات کرکے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور شہداء کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے، شہداء کے لواحقین اپنے پیاروں کو یاد کرکے شدت غم سے نڈھال تھے اور مسلسل دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے جنہیں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے دلاسہ دیا۔ تفصیلات کے مطابق رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے نجی ٹی وی کے سینئر صحافی فہیم صدیقی کی رہائشگاہ واقع نارتھ کراچی جاکر ان کے صاحبزادے باذل صدیقی شہید اور بھانجی انزلنا شہید کی شہادت پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور لواحقین میں امدادی رقم تقسیم کی، بعدازاں وسیم آفتاب نے نارتھ ناظم آباد کے رہائشی مصطفیٰ شہید ولد نور دین اور پاک کالونی کے رہائشی ٹریفک پولیس کے اہلکار مشرف بیگ شہید ولد انور بیگ کی رہائشگاہوں پر بھی گئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کے لواحقین سے دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کیا اور تمام لواحقین میں امدادی رقم تقسیم کیں اور شہداء کے لئے فاتحہ خوانی اور دعا کی اللہ تعالیٰ تمام شہداء کے درجات بلند کرے اور اپنی جوار رحمت میں جگہ دے۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس اہلکار مشرف بیگ شہید کے سوگوار لواحقین نے وسیم آفتاب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت نے بھی شہداء کیلئے رقوم دینے کا اعلان کیا ہے تاہم تاحال ان کی جانب سے کوئی نمائندہ امدادی رقم دینے تو کجا تعزیت کیلئے بھی ہمارے گھر نہیں آیا، یہ الطاف حسین بھائی ہی ہیں جنہوں نے ہمارے غم میں شریک ہوکر ہماری دادرسی کی بلکہ اعلان کے مطابق سب سے پہلے امدادی رقم بھی ہم تک پہنچائی۔ اسی طرح ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے یوم عاشورہ پر بم دھماکہ میں شہید ہونے والے پی آئی بی کالونی کے رہائشی سلمان رضا شہید ولد علی رضا، مرتضیٰ عباس شہید ولد غلام عباس، نصرت حسین عابدی شہید ولد محمد عشرت حسین عابدی، حیدر عباس شہید ولد مرتضیٰ عباس کی رہائش گاہوں کا دورہ کیا اور شہداء کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کرکے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور ان میں امدادی رقم کے لفافے تقسیم کیے توصیف خانزادہ نے رنچھوڑ لائن کے رہائشی عامر شہید ولد شفیق، بلدیہ کے رہائشی عامر شہید ولد حنیف، فیصل شہید ولد غلام حسین اور لیاری کے رہائشی فاروق کبیر شہید ولد عبدالغفار کے رہائشگاہوں کا بھی دورہ کیا اور سوگوار لواحقین میں امدادی رقوم تقسیم کیں جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری اور شاہد لطیف نے برنس روڈ کی رہائشی خاتون ماریہ شہید زوجہ عابد حسین کی رہائشگاہ پر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کرکے قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس اور رنج و غم کا اظہار کیا اور لواحقین میں امدادی رقم تقسیم کیں اور شہداء کی مغفرت، ان کے درجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی جبکہ رکن رابطہ کمیٹی سلیم تاجک نے ملیر کے رہائشی مقیم سید اقبال زیدی شہید ولد سید مصطفیٰ زیدی، ڈیفنس کی فرزانہ شوکت شہید ولد سید شوکت، سید سجاد حسین شہید ولد شاہد حسین اور کورنگی کے رہائشی عباس مرزا شہید ولد احمد مرزا کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین میں امدادی رقم تقسیم کیں بعدازاں انہوں نے شہداء کے لئے فاتحہ پڑھی اور دعا کی اللہ تعالیٰ تمام شہداء کے درجات بلند کرے اور اپنی جوار رحمت میں جگہ دے (آمین) سانحہ کراچی کے شہداء کے تمام لواحقین نے قائد تحریک الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ الطاف حسین نے دکھ اور افسوس اس کی گھڑی میں ہماری دادرسی کرکے ثابت کردیا کہ وہ ہمارے غم میں پوری طرح شریک ہیں جس سے ہمارے حوصلے بڑھے ہیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان کے ہمراہ حق پرست وزراء، مشیران، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ خطاب کے دوران سانحہ کراچی کے متاثرہ تاجر برادری کیلئے 50لاکھ اور اس واقعے میں شہید ہونیوالے افراد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے 50لاکھ روپے کا اعلان کیا تھا جس کے بعد رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کو 50لاکھ روپے کا چیک پہنچایا اور 50لاکھ کی امداد شہداء کے لواحقین میں تقسیم کی ہے۔

## اراکان رابطہ کمیٹی/کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ سانحہ یوم عاشور کے بعد متاثرین سے اظہار ہمدردی کے لیئے آنے والی تمام سیاسی جماعتوں کے قائدین اور رہنماؤں کو متحدہ خوش آمدید کہتی ہے لیکن ہم ان تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے اپیل کرتے ہیں کہ ان کے دورے محض تصاویر بن کر سیاسی اسکور تک محدود نہ رہیں بلکہ وہ متاثرین کی عملی مدد کے لیئے بھی اقدامات کریں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے اس سانحہ پر چیف جسٹس آف پاکستان سے ازخود نوٹس لینے کی اپیل کی ہے اور سانحہ کے تمام پہلوؤں پر غیر جانبدارانہ تحقیقات سے ہی تمام حقائق سامنے آسکتے ہیں قائد تحریک کی ہدایت پر سانحہ کے شہداء کے ورثا کو 50 لاکھ روپے کی تقسیم کردی ہے تاہم افسوس ناک عمل ہے کہ حکومت کے اعلان کردہ معاوضہ کی رقم تاحال شہداء کے ورثاء کو نہیں دی گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کراچی پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن، اور رکن سندھ اسمبلی محمد طاہر قریشی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے وسیم آفتاب نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے گزشتہ روز چیف جسٹس آف پاکستان سے اس واقعہ کا ازخود نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے جس سے اس سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات تمام حقائق سے پردہ فاش کردے گی انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کے اعلان کے دوسرے روز سانحہ کے شہداء کے ورثاء میں 50 لاکھ روپے تقسیم کردیئے گئے ہیں جبکہ متاثرین کے لیئے 50 لاکھ روپے کا چیک سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کو دے دیا گیا ہے لیکن افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ حکومت کی جانب سے سانحہ کے فوراً بعد شہداء کے ورثاء کے لیئے اعلان کردہ رقوم اب تک شہداء کے ورثا کو نہیں پہنچائی گئی اس لیئے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ حکومت فوری طور پر اس حوالے سے عملی اقدامات کرے انہوں نے کہا کہ سانحہ کے بعد متاثرہ تاجروں سے اظہار یکجہتی کے لیئے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے ان علاقوں کا دورہ کیا اور تصاویر بنائیں ہیں متحدہ قومی موومنٹ ان تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو خوش آمدید کہتی ہے اور ان سے یہ بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ متاثرین سے اظہار ہمدردی کو عملی طور پر انجام دیں یہ نہ ہو کہ ان کی تصاویر فقط سیاسی اسکور بن کر رہ جائے انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت انتہائی مشکلات سے دوچار ہے ایک جانب پاک فوج کے جوان ملک کی سلامتی کے لیئے اپنی جانیں قربان کررہے ہیں تو دوسری جانب عوام دہشت گردی کا شکار ہیں اسی صورتحال میں ہمیں مل جل کر اجتماعی ذمہ داری کا کردار ادا کرنا ہوگا ایک سوال کے جواب میں وسیم آفتاب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے پہلے ہی روز اپنا واضح موقف دیا تھا کہ بم دھماکے کے بعد عزادار مستقل کھڑے رہے اور جلاؤ گھیراؤ میں جو عناصر ملوث ہیں ان کو پولیس سامان کے ساتھ گرفتار کررہی ہے جو قابل ستائش ہے اور ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ اس سانحہ میں جو بھی ملوث ہوا سے جلد سیاسی و مذہبی مصالحت کے عوام کے سامنے لایا جائے ٹارگیٹ کلنگ کے حوالے سے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اب بھی ایم کیوایم کے کارکنان کا ٹارگیٹ کلنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کی ہم مذمت کرتے ہیں وزیر داخلہ کے استعفیٰ کے حوالے سے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر اس بنیاد پر تمام سے استعفیٰ لیئے گئے تو یہ درست نہ وگا۔

## دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی 07 رجنوری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے متحدہ قومی موومنٹ لیاری اور اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے سرگرم کارکنان محمد عامر اور مستحسن زیدی کی ٹارگٹ کلنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے دہشتگردوں کی وحشیانہ اور سفاکانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد شہر کا امن تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں اور ایم کیوایم کے کارکنوں کے متواتر قتل اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں ارکان رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن محمد عامر گزشتہ دنوں اپنے دوست اور عزیزوں سے ملنے غوث آباد گئے تھے جہاں لیاری گینگ وار کے دہشتگردوں نے انہیں شہید کرکے ان کی سربریدہ نعش کو مرزا آدم خان روڈ لیاری پر پھیک دیا ان کی سربریدہ نعش سول اسپتال پہنچائی گئی جہاں ان کے رشتہ داروں نے شناخت کرلیا بعدازاں کئی گھنٹوں کے بعد محمد عامر شہید کا سر تو بازیاب کرالیا گیا ہے لیکن ان کے قاتل آزاد گھوم رہے ہیں اسی طرح جمعرات کے روز شام ساڑھے چھ بجے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن 50 سالہ مستحسن زیدی اپنے ہوٹل میں معمول کے مطابق کام کررہے تھے کہ ہیلمٹ لگائے ہوئے دو موٹر سائیکلوں پر سوار چار دہشتگردوں نے انہیں قریب سے فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ شہید مستحسن زیدی نے سوگواران میں دو بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران ایم کیوایم کے 73 بے گناہ کارکنان اور ہمدردوں کو نشانہ بنایا جاچکا ہے جبکہ صرف گزشتہ دو ماہ کے دوران ایم کیوایم کے 15 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جاچکا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور حکومت سندھ کے تمام ارباب

اختیار واقتدار کو بار ہا ایم کیوایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے ایک ایک واقعے کی تفصیلات سے آگاہ کیا جاتا رہا ہے ان سفاک قاتلوں اور ان کی سرپرستی کرنے والے عناصر نیز ان کی آماجگاہوں کی نشاندہی کی جاتی رہی ہے لیکن آج تک ایم کیوایم کے ایک بھی شہید کے قاتلوں کو گرفتار نہیں کیا گیا۔ رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزیرداخلہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایم کیوایم کے شہید کارکنوں کے قاتلوں کو گرفتار کرکے انہیں کیفرکردار تک پہنچائیں اور ٹارگٹ کلنگ کے اقدامات سے نمٹنے کیلئے ضروری اقدامات بروئے کار لائیں۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے محمد عامر شہید اور مستحسن زیدی شہید کے لواحقین اپنے گہری رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور انہیں صبر کی تلقین کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ ان شہداء کی مغفرت کرکے ان کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے (آمین)

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سول اسپتال میں ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 کے کارکن محمد عامر شہید کے اہلخانہ سے تعزیت

کراچی۔۔۔07/جنوری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر و وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار جمعرات کو سول اسپتال جاکر ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 32 عثمان آباد کے کارکن محمد عامر شہید کے اہلخانہ سے اور دیگر لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں دلاسہ دیا اور انہیں صبر کرنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دلایا کہ عامر شہید کے قاتل قدرت اور قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے انہیں ہر صورت میں گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے ایک ایک کارکن ان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ انہوں نے اسپتال میں موجود ایم کیوایم کے متعلقہ ذمہ داروں اور کارکنوں سے کہا کہ وہ بھی صبر وتحمل سے کام لیں اور غم زدہ خاندان کے دکھ بانٹیں۔

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد عامر ایم کیوایم اورنگی سیکٹر کے کارکن مستحسن زیدی کے سفاکانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔7/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن محمد عامر شہید اور ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن مستحسن زیدی کے بہیمانہ وسفاکانہ قتل پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان محمد عامر شہید اور مستحسن زیدی کی بہیمانہ قتل پر آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عامر شہید اور مستحسن زیدی کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ (آمین)

## ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن فرحان احمد خان کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔7/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن فرحان احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فرحان احمد خان مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7/جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن فرہان احمد خان، ایم کیوایم کی پی پی اوسی کی مرکزی کمیٹی کے رکن فیصل اسلم رانا کے تایا احمد شجاع رانا، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ B-112 کے کارکن عبدالقدوس کی صاحبزادی نداء قدوس، ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 57 کے کارکن قیصر کی والدہ پاشا بیگم، ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 139 کے کارکن حامد کے والد زائد علی، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن عامر شہید کے والد مرزا ظہور بیگ، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 49 کے کارکن غلام وارث کے بھائی غلام ربانی اور ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 117 کے کارکن رفیع اللہ شہید کے والد امان اللہ خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ (آمین)

## کراچی کے عوام کوایک سازش کے ذریعے انکے ناکردہ گناہوں کی سزادی جارہی ہے

## متحدہ قومی موومنٹ کراچی اور ملک کے تمام باسیوں کی جان اور انکی املاک کا تحفظ اپنا فرض سمجھتی ہے

## سابق وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے رہنما ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کا کراچی کلب نیویارک میں سانحہء کراچی پر مذمتی اجلاس سے خطاب

نیویارک:07رجنوری 2010

کراچی کوایک منظّم سازش کے ذریعے تباہ کیا جارہا ہےاور کراچی کے باسیوں کوانکے ناکردہ گناہوں کی سزادی جارہی ہے۔ یہ بات سابق وفاقی وزیر اور ایم کیو ایم کے مرکزی رہنما ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے سانحہ کراچی پر کراچی کلب نیویارک کی جانب سے منعقدہ ایک مذمتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ یوم عاشور کے جلوس پر خودکش بم کا حملہ اور اسکے چند لمحوں کے بعد اتنی بڑی تعداد میں کراچی کے اہم ترین کاروباری مراکز میں ہزاروں دکانوں کوایک ہی نداز میں نذرِ آتش کیا جانا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ اس تباہی کا مقصد احتجاج نہیں بلکہ ایک منظّم سازش کے تحت کراچی کے معاشی نظام کو مفلوج کرنا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک ایسے موقعے پر جبکہ شرپسندوں کا ہجوم دکانوں کو جلانے میں مصروف تھا پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا بے حسی کے ساتھ ایک طرف کھڑے ہوکر تماشہ دیکھنا ایک مجرمانہ غفلت ہے ملک میں واقعہ کہیں بھی ہو اسکا اثر کراچی میں تباہی کی شکل میں آتا ہے اور اسکی مثال محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کا دن ہے جب انکی شہادت راولپنڈی میں ہوتی ہے اور اور لوٹ مار اور تباہی کا بازار کراچی میں گرم کیا جاتا ہے، بنک اور اے ٹی ایم مشینیں لوٹیجاتی ہیں، پیٹرولپمپوں کو آگ لگائی جاتی ہے، گاڑیوں کو آگ لگائی جاتی ہے اور یہاں تک کہ لوگوں کو زندہ آگ میں جھونک دیا جاتا ہے اور کراچی کے عوام یہ ماننے کو ہرگز تیار نہیں ہیں کہ یہ گھناؤنے جرائم عزادارانِ حسین یا سوگوارانِ بینظیر کرسکتے ہیں کیونکہ سوگواران لوٹ مار نہیں کرتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگردی اور شدت پسندی کا جوعفریت آج طالبان کی شکل میں پاکستان اور پاکستانی عوام کی جان اور مال کیلیے خطرہ بنا ہوا ہے اسکے بارے میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین نے کافی عرصہ پہلے پاکستان کے اربابِ اختیار کوخبردار کیا تھا اگر اس عفریت کا علاج صحیح وقت پر ہوجاتا تو آج پاکستان کو یہ دن نہ دیکھنے پڑتے اور اسکے اثرات کراچی پر نہ پڑتے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پورے ملک میں بم دھماکے، لکی مروت کا تازہ ترین واقعہ، دہشتگردی، اور شدت پسندی کے تمام تانے بانے طالبان اور انکی سرگرمیوں سے جاکر ملتے ہیں۔ تاہم انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ایم کیو ایم کراچی اور ملک کے تمام باسیوں کی جان اور انکی املاک کا تحفظ اپنا فرض سمجھتی ہے اور اس ضمن میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھے گی۔ درین اثنا اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کراچی کلب نیویارک کے صدر اسلم بیگ اور دیگر مقررین نے کراچی میں ہونے والے حالیہ بم دھماکوں اور دہشتگردی کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے پاکستان کے اربابِ اختیار سے سانحہ کراچی کی اعلیٰ سطحی جیوڈیشیل انکوائری کرانے کا مطالبہ کیا۔ اس اجلاس میں کراچی کلب نیویارک، دیگر تنظیموں کے نمائندوں، اور نیویارک میں مقیم کراچی کی تاجر برادری سے تعقل رکھنے والے افراد کی طرف سے ایک قرارداد بھی منظور کی گئی جسمیں حکومت پاکستان سے اس واقعہ کی اعلیٰ عدالتی تحقیقات، متاثرین کی مکمل بحالی۔ پولیس کے نظام کو کراچی کی شہری حکومت کے تحت دینے کا مطالبہ کیا۔

☆☆☆☆☆